ilmkidunya

علم کی دنیا

Education - FA Part 1 Education Urdu Medium Chapter 7 Short Questions Preparation

Q1. سماجی یا معاشرتی رہنمائی کا تصور کیسے بنتا ہے؟

Ans 1: معاشرتی رہنمائی کے ذریعے سے فرد اپنی پوشیدہ صلاحیتوں ،انفرادی اختلافات اور فطری رویوں سے آگاہ ہوتا ہے،مذہب اور ملت کی روایات کا احترام پیدا ہوتا ہے،اپنے اور دوسروں کے حقوق و فرائض کا علم ہوتا ہے،ان سب باتوں کے مجموعے سے ہی سماجہ رہنمائی کا تصور بنتا ہے.

Q2. مدد اور رہنمائی میں کیا فرق ہے؟

Ans 1: بعض لوگ مدد کو رہنمائی کی معنوں میں استعمال کرتے ہیں لیکن در حقیقت مدد کے لفظ سےرہنمائی کا مکمل اور درست مفہوم ظاہر نہیں ہوتا،اگر کوئی راستہ بھولا ہوا شخص ہم سے رہنمائی چاہتا ہے تو ہم اس کو اس کی منزل تک پہیچا کر نہیں آتے بلکہ راستہ بتاد یتے ہیں،یہ رہنمائی ہوگی.اس شخص کی مدد کچھ اس طرح سے کی جاتی ہےکہ وہ صرف اس خاص مشکل ہی کا نہیں بلکہ ہر مشکل اور مسئلے کا حل خود تلاش کرنے کے قابل ہو جائے.

Q3. گروہی مشاورت ایک ارتقائی عمل ہے.بیان کریں.

Ans 1: گروہی مشاورت ایک ارتقائی عمل ہے.اس عمل میں فرد کیصلاحیتوں کی اسی طرح تربیت کی جاتی ہے کہ اس میں آئندہ پیش آنے والے مسائل کو سمجھنے اور حل کرنے کی صلاحیت پروان چڑھ سکے،گروہی مشاورت تمام طلبا کے لیے ضروری کیونکہ یہ زیادہ تر ایسے مسائل کے بارے میں ہوتی ہے جو عموماً تمام طلبہ کو اپنی زندگی میں کبھی نہ کبھی ضرور پیش آتے ہیں.

Q4. عمل مشاورت کے تین پہلو کونسے ہیں؟

Ans 1: عمل مشاورت کے تین پہلو درج ذیل ہیں: 1.جس میں کم ازکم دو افراد کی شرکت ضروری ہے،مشورہ لینے والا اور مشورہ دینے والا. 2.جو کوئی تربیت یافتہ شخص ہی انجام دے سکتا ہے. 3.جس کا مقصد افراد کو پیش آمدہ مسائل کو خود آزادانہ طور پر حل کرنے میں مدد دینا ہے.

Q5. تعلیم اور رہنمائی کے مقاصد میں ہم آہنگی کیوں پائی جاتی ہے؟

Ans 1: تعلیم اور رہنمائی کے مقاصد میں ہم آہنگی پائی جاتی ہے،دونوں کا مقصد طالب علم کے لئے گھر ،سکول،اور معاشرے سے بہتر مطابقت کو فرغ دینا ہے.

Q6. ہدایاتی مشاورت کا بانی کون تھا؟

Ans 1: ہدایاتی مشاورت کا بانی ولیم سن تھا،

Q7. معاشرتی ماحول سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: ہر انسان کامیاب اور خوشگوار زندگی گزارنے کی خواہش رکھتا ہہے اور اس کے لیے کوشش کرتا ہے اس مقصد کے لیے حاصل کی گئی رہنمائی،سماجی یا معاشرتی رہنمائی کہلاتی ہے.

Q8. غیرہدایاتی مشاورت کے بانی کا نام کیا ہے؟

Ans 1: غیرہدایاتی مشاورت کے آغاز اور فروغ میں پروفیسرکارل راجرز اور ان کے پیروکاروں کی کوششوں کا دخل ہے.

Q9. بچہ گھر اور سکول کے ماحول میں فرق کیوں شدت سے محسوس کرتا ہے؟

Ans 1: بچہ جب پہل پہلے سکول جاتا ہے تو گھر اور سکول کے ماحول میں فرق کوشدت سے محسوس کرتا ہے،جو ضروریات گھر میں آسانی سے ہر وقت پوری ہوجاتی تھیں سکول میں ان کے لیے خاطر خواہ انتظام نہیں کیے جاتے،گھر کے مانوس افراد کی نسبت یہاں ان کا سامنا اساتذہ اور ساتھی طلبہ کی شکل میں اجنبی لوگوں سے پڑتا ہے یہاں بچے کو اپنی صلاحیتوں اور دلچسبیوں کا شعور اور اندازہ نہیں ہوتا.

Q10. مشاورت کا عمل بیان کریں.

Ans 1: مشاورت دوافراد مشیر اور مشار کے درمیان ایک براہ راست تعلق ہوتا ہے جس میں ایک فرد اپنے مسائل کے حل میں مدد کے لیے دوسرے سے مشورہ حاصل کرتا ہے.